Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
روزنامہ
DAILY IDEAL PAKISTAN
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
آئیڈیل پاکستان
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | ہفتہ 26 اکتوبر 2024ء 22 ربیع الثانی 1446ھ | قیمت 15 روپے | شمارہ 56

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ ریٹائرمنٹ سے قبل ہی ریویو آف ججمنٹ کے دروازے کھول گئے، جسٹس منصور

دنیا بھر میں ریٹائرڈ ہونے والے چیف جسٹس کو ان کی خدمات پر ان کے اعزاز میں ریفرنس دیا جاتا ہے، ماضی میں جب سابق چیف جسٹس ثاقب نثار نے اختیارات کو غلط استعمال کیا تو ان کے ریفرنس میں بھی شرکت سے انکار کیا

آج وجوہات زیادہ پریشان کن ہے، چیف جسٹس کا بنیادی فرض شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے اور سب کو انصاف فراہم کرنا ہے، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے مداخلت روکنے کے لیے جزبہ دکھایا اور نہ ہی اخلاقی جرات کا مظاہرہ کیا

اسلام آباد (آئی این پی) سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے فل کورٹ ریفرنس میں شرکت سے انکار کردیا، جسٹس منصور علی شاہ نے رجسٹرار کو مراسلے کے ذریعے آگاہ کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جسٹس منصور علی شاہ نے مراسلے میں کہا ہے کہ دنیا بھر میں ریٹائرڈ ہونے والے چیف جسٹس کو ان کی خدمات پر ان کے اعزاز میں ریفرنس دیا جاتا ہے، ماضی میں جب سابق چیف جسٹس ثاقب نثار نے اختیارات کو غلط استعمال کیا تو ان کے ریفرنس میں بھی شرکت سے انکار کیا، آج بھی میں انہی وجوہات کی بنا پر ریفرنس میں شرکت سے انکار کردیا ہے۔ انہوں نے مراسلے میں مزید کہا ہے کہ بلکہ آج وجوہات زیادہ پریشان کن ہے، چیف جسٹس کا بنیادی فرض شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے اور سب کو انصاف (بقیہ نمبر 1)

اصل خوشی اس دن ہوگی جب بانی پی ٹی آئی رہا ہوں گے، بشریٰ بی بی

پارٹی کارکنان، رہنماؤں کو بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کوشش کرنی چاہیے، کنول شوذب سے گفتگو

پشاور (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے کہا ہے کہ اصل خوشی اس دن ہوگی جب بانی پی ٹی آئی رہا ہوں گے۔ تفصیل کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے صدر ویمن ونگ پی ٹی آئی کنول شوذب کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں کنول شوذب نے رہائی پر بشریٰ بی بی کو مبارک دی، جس پر بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ نے کہا کہ خیریت سے ہوں بس آپ لوگ بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 2)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بیلجیم کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

ہم قبل از وقت کاغذ پر حلقے بنانے والوں میں سے نہیں، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

میں کہتا ہوں کہ لوگ میری تعریف کرتے ہیں لیکن اہلیہ نہیں مانتیں، سچ کیا ہے صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں، انصاف دینا ہمارا فرض ہے، میری آزادی میں کچھ گھنٹے رہ گئے ہیں، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا الوداعی فل کورٹ ریفرنس میں خطاب

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے غصے کے وقت اللہ ہی مدد کرسکتا ہے، چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کو بہت اچھا انسان پایا، وہ بہت نرم مزاج انسان ہیں، نامزد چیف جسٹس یحییٰ آفریدی، الوداعی ریفرنس میں 5 ججز شریک نہیں ہوئے

اسلام آباد (آئی این پی) چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ ہوسکتا ہے ہم سے بھی کچھ فیصلے غلط ہوئے ہوں، کاغذ کے ٹکڑے پر درج تحریر سے اندازہ لگاتے ہیں، شکر ہے میری اہلیہ آج یہاں موجود ہیں، میں کہتا ہوں کہ لوگ میری تعریف کرتے ہیں لیکن اہلیہ نہیں مانتیں۔ ان خیالات (بقیہ نمبر 11)

واشنگٹن ڈی سی، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سے صدر اسلامک ڈویلپمنٹ بینک ملاقات کررہے ہیں

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا بنیادی حقوق کی یادگار کا دورہ

اسلام آباد (آئی این پی) چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے بنیادی حقوق کی یادگار کا دورہ کیا۔ دورے کے (بقیہ نمبر 10)

پاکستان اور روسی افواج کی مشترکہ مشق 'دروزبا ہفتم' اختتام پذیر

مشق کا مقصد مشترکہ تربیت کے ذریعے پیشہ ورانہ مہارتوں کو مزید نکھارنا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور روس کی افواج کی مشترکہ مشق 'دروزبا ہفتم' اختتام پذیر ہوگئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق مشق کی اختتامی تقریب نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر پبی میں منعقد ہوئی، دو ہفتے طویل مشق کا آغاز 13 اکتوبر 2024 کو ہوا (بقیہ نمبر 9)

عافیہ صدیقی وطن واپسی کیس، حکومتی وفد امریکہ بھیجے کی آٹارنی جنرل آگاہ کردیا

وفد میں سابق اور موجودہ، پارلیمنٹیرینز، سینیٹرز اور ریٹائرڈ یا حاضر سروس آرمی آفیشلز، ڈاکٹرز اور فوزیہ صدیقی شامل ہونگے، عدالت کو آگاہی

وزارت خارجہ کیا کرسکتا ہے، پی ٹی اے سے متعلق جواب کب تک آجائے گا؟ عدالت، ممکن ہے کہ جلد جواب آجائے، نمائندہ وزارت خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی صحتیابی اور وطن واپس لانے سے متعلق درخواست پر سماعت میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے اسلام آباد ہائیکورٹ کو آگاہ کیا کہ حکومت نے وفد امریکہ بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی اسلام آباد احتجاج، 2 صوبائی ممبر، 34 پولیس ملازمین مقدمے سے ڈسچارج

اسلام آباد (آئی این پی) ڈسٹرکٹ سیشن عدالت اسلام آباد نے بلیو ایریا چائنا چوک پر احتجاج کے معاملے میں پی ٹی آئی کے (بقیہ نمبر 5)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بھرپور مواقع میسر ہیں، وزیر خزانہ

معاشی استحکام کیلئے اقدامات کے نتیجہ میں کلیدی معاشی اشاریے مثبت ہیں، سینیٹر اورنگزیب

واشنگٹن (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے بھرپور مواقع میسر ہیں، حکومت اصلاحات کے جامع ایجنڈا پر عمل پیرا ہے، معاشی استحکام کیلئے اقدامات کے نتیجہ میں کلیدی معاشی اشارے (بقیہ نمبر 4)

ڈیرہ اسماعیل خان ایف سی چیک پوسٹ پر فتنہ خوارج کے دہشتگردوں کا حملہ، 10 جوان شہید

شہید جوانوں نے جانیں نچھاور کرکے خوارج دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنایا، شہید ہونیوالے ایف سی کے 6 جوانوں کا تعلق جنوبی وزیرستان، 4 جوانوں کا تعلق ضلع کرک سے تھا

ایف سی دہشتگردی کی لعنت کے خاتمے اور قیام امن کیلئے پرعزم، شہداء کو خراج عقیدت، عظیم قربانیاں ہمارے غیر متزلزل عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، ترجمان وزارت داخلہ

اسلام آباد/ ڈیرہ اسماعیل خان (آئی این پی) ڈیرہ اسماعیل خان میں زام ایف سی چیک پوسٹ پر فتنہ خوارج کے دہشتگردوں کے حملے میں 10 جوان شہید اور 3 زخمی ہوگئے۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق فتنہ خوارج کے دہشتگردوں نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں زام ایف سی چیک پوسٹ پر رات کی تاریکی میں بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا، خارجی دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے ایف سی کے 10 جوان شہید اور 3 زخمی ہوگئے۔ ترجمان کے مطابق شہید جوانوں نے جانیں نچھاور کرکے خوارجی دہشتگردوں کا چیک پوسٹ پر حملہ ناکام بنایا، شہید ہونے والے ایف سی کے 6 جوانوں کا تعلق جنوبی وزیرستان جبکہ 4 جوانوں کا تعلق ضلع کرک سے تھا۔ ترجمان نے بتایا کہ شہدا میں نائب صوبیدار محمد جان، نائیک عارف، لانس نائیک سعید الرحمن، سپاہی اخونزادہ اور سپاہی حضرت (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز سے بیلجیم کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پاک بیلجیم دوطرفہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچائینگے، تعلیم، آئی ٹی، زراعت کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب میں ماحول دوست اختراعی اقدامات کے دوررس نتائج حاصل ہونگے، بیلجیئم پاکستان میں سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے میں دلچسپی رکھتا ہے، سفیر کی گفتگو

لاہور (سیاسی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بیلجیئم کے ساتھ تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب سے بیلجیئم کے سفیر چارلس ایڈسبالڈ وان ڈر گراچٹ ڈی رومرز وائل کی ملاقات ہوئی جس میں باہمی تعاون کے فروغ اور تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے مستقبل میں دو طرفہ تعاون کے فروغ کے مزید مواقع تلاش کرنے پر بھی زور دیا۔ ملاقات کے دوران بیلجیئم کے سفیر نے وزیراعلیٰ مریم نواز کی عوام دوست پالیسیوں کی تعریف کی اور حکومت پنجاب کے معاشی ویژن کو سراہا۔ اس موقع پر مریم نواز نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک بیلجیئم دوطرفہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، بیلجیئم کے ساتھ تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، آئی ٹی اور زراعت کے شعبوں میں بیلجیئم کے ساتھ (بقیہ نمبر 6)

کراچی کے عوام پیپلز پارٹی پر اعتماد کرتے ہیں، شہنیلہ خانزادہ

میئر کراچی ٹرن اوور ختم ہونے سے پہلے کراچی کا نقشہ بدل دیں گے۔ جسٹس فائز عیسیٰ ہیرو کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔

اسوقت اداروں کو Meline کرنے کے لئے کچھ ججوں کا کردار عوام کے لئے حیران کن ہے۔

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پی پی پی سینئر رہنما AIM کی سرپرست اعلیٰ شہنیلہ خانزادہ نے کہا ہے کہ جسٹس فائز عیسیٰ ہیرو کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔ اسوقت اداروں کو Meline کرنے کے لئے کچھ ججوں کا کردار عوام کے لئے حیران کن ہے۔ سیاسی ججوں سے عوام کی جان چھڑانی ضروری ہے۔ قاضی فائز عیسیٰ نے تاریخی فیصلے کئے۔ جیالے قائد عوام کے فیصلے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پی ٹی آئی اور بعض ججوں کا رویہ عدالتی نظام کے لئے خطرہ ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو نے میثاق جمہوریت پر عمل کرا کے والدہ کی روح کو تسکین اور پاکستانی عوام کو تحفہ دیا۔ پیپلز پارٹی ملک کی اصل جمہوری قوت ہے۔ بلاول بھٹو نانا اور والدہ والد کی طرح بہترین سیاست داں اور قائد ثابت ہورہے ہیں۔ معاشی بحران سے نکلنے کے لئے بلاول بھٹو کے ویژن پر عمل کیا جائے۔ کراچی کے عوام پیپلز پارٹی پر اعتماد کرتے ہیں۔ میئر کراچی ٹرن اوور ختم ہونے سے پہلے کراچی کا نقشہ بدل دیں گے۔ سعید غنی کراچی کی نبض سے واقف ہیں۔ وہ بہترین ورکنگ کر رہے ہیں۔ عوام اعتماد رکھیں جیالے ہی انہیں انکا حق دلائیں گے۔

سیاست کو پاکستان کے استحکام سے جوڑتا ہوں، رضوان احمد فکری

بین الاقوامی ڈکٹیشن اور عمران خان کے حربے ملک کی سلامتی اور خودمختاری پر حملہ ہیں

پاکستان ہر پاکستانی کی ریڈ لائن ہے۔ مجیب الرحمان بننے کی کوشش عبرت ناک انجام نہ بن جائے

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آزاد رائٹرز فورم پاکستان کے صدر اور سیاسی رہنما رضوان احمد فکری نے کہا ہے کہ قومی سلامتی کے لئے پوری قوم یک جان ہے۔ بانی پی ٹی آئی ایسی لائن کھینچ رہے ہیں جو سیاست نہیں ملک کو عدم استحکام کی مسلسل کوشش ہے۔ امریکی کانگریس، آئی ایک ایف کو خط اور بین الاقوامی طور پر ملک کو بدنام کرنا کسی طور حب الوطنی میں نہیں آتا۔ انہوں نے یہ بات مقامی صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انکا کہنا تھا کہ آئینی ترمیم ملک کے لئے نیا سنگ میل ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ ہیرو چیف جسٹس ہیں۔ قائد عوام ذولفقار علی بھٹو کو انصاف دیا۔ پارلیمنٹ کی بالادستی کو مانا۔ اسکی تکریم کرائی۔ لیکن اب یہ روایت قائم رہنی چاہئے ہر ادارہ اپنی حدود میں کام کرے۔ اپنی سیاست کو پاکستان کے استحکام سے جوڑتا ہوں۔ نوجوانوں کو صحیح رخ پر جانا ہے وہ کسی غلط راستے کا انتخاب نہ کریں۔ بین الاقوامی ڈکٹیشن اور عمران خان کے حربے ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر حملہ ہیں۔ اتنا ہی شوق ہے تو اپنے بچوں کو میدان سیاست میں لے آئیں۔ اپنی سابقہ اہلیہ سے لابنگ کرانے کے بجائے اپنے بچوں کو عملی سیاست دین اسلام سے روشناس کرائیں۔ پاکستان ہر پاکستانی کی ریڈ لائن ہے۔ مجیب الرحمان بننے کی کوشش عبرت ناک انجام نہ بن جائے۔ کراچی اور سندھ کے شہری علاقے وفاق اور صوبہ دونوں کی توجہ کے متقاضی ہیں۔ 128 ارب کراچی پر لگتے ہوئے نظر آنے چاہئیں۔ میئر کراچی کو ترقیاتی کاموں کا سپریم لیڈر ہونا چاہئے۔ پاکستان میں چوکھی کی سیاست ہورہی ہے نئی جماعتیں نوجوان اور نئی امیدیں مسائل کا حل ہے۔ پیپلز پارٹی نہیں چھوڑی لیکن انکی سیاست کا انداز کراچی اور مہاجر عوام کی توقعات کے مطابق نہیں۔ رضا ہارون، سیف یار خان، مولانا تنویر الحق تھانوی، خواجہ سہیل منصور، اسلم آفریدی، کرنل طاہر مشہدی، انیس ایڈووکیٹ، ایس ایم نقی، تحسین عابدی، سلیم بندھانی، مذل قریشی سمیت اہم رہنما عضو معطل ہیں صرف کراچی کے الیکشن تک اہمیت تھی اسکے بعد کسی کو کوئی اہمیت حاصل نہیں۔ ہم خلوص نیت سے آئے ہمیں ضائع کیا جارہا ہے۔ لیکن ہم مقدمہ کراچی لڑتے رہیں گے۔ میئر کراچی کے شانہ بشانہ ہیں۔ انہیں مکمل اختیارات دیئے جائیں۔ میگا پروجیکٹ بھی واپس کئے جائیں۔

اٹک فتح جنگ سے پنڈی گھیب کھوڑ روڈ سنگِ بنیاد کی تقریب کا انعقاد

اس موقع پر نوابزادہ چوہدری شیر علی خان ایم پی اے اور چیئرمین مانیٹرنگ کمیٹی نے پُروقار تقریب کا انعقاد کیا

حلقہ پی پی 4 تحصیل فتح جنگ اور تحصیل پنڈی گھیب کے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا

اٹک (بیورو چیف) فتح جنگ سے پنڈی گھیب کھوڑ روڈ کے سنگِ بنیاد کے موقع پر نوابزادہ چوہدری شیر علی خان ایم پی اے اور چیئرمین مانیٹرنگ کمیٹی نے پُروقار تقریب کا انعقاد کیا۔ جس میں ایم این اے ملک سہیل خان کھرل، نواب ملک اولیاء خان، نواب ملک سعید محمد خان، سردار افتخار احمد خان سابق ایم پی اے، نوابزادہ میجر ملک اعظم خان گھیبہ، ملک عاصم خان کھرل، نوابزادہ ملک عرفان خان، نوابزادہ ملک ناصر علی خان، نوابزادہ ملک محمد علی خان، نوابزادہ ملک عمر خان، متعلقہ محکمہ کے افسران، معززین علاقہ، چیئرمین وائس چیئرمین صاحبان، لیگی عہدیداران و ممبران، کونسلرز صاحبان و نمائندین علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔ حلقہ پی پی 4 تحصیل فتح جنگ اور تحصیل پنڈی گھیب کے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا



فضائی آلودگی کے اعتبار سے لاہور کا دنیا بھر میں دوسرا نمبر رہا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے صوبائی دارالحکومت میں مجموعی طور پر ایئر (بقیہ نمبر 32)

اقوام متحدہ 79 برس مکمل ہونے کے بعد بھی مقاصد پورے کرنے میں ناکام

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ (یو این) کو وجود میں آئے 79 برس مکمل ہوگئے۔ بین الاقوامی تنظیم اقوام متحدہ (یو این) کو (بقیہ نمبر 31)

محسن نقوی کی آذربائیجان کے وزیر سے ملاقات، روابط بڑھانے پر اتفاق

استنبول (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ وانسداد (بقیہ نمبر 1)

کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ خریداری اور ادائیگیوں میں 27.6 فیصد کی نمو ریکارڈ

کراچی (این این آئی) کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ خریداری اور ادائیگیوں میں ستمبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر 27.6 فیصد کی (بقیہ نمبر 28)

مہنگائی کے ستائے عوام کیلئے خوشخبری! بجلی قیمتوں میں کمی کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مہنگائی کے ستائے عوام کیلئے خوشخبری، حکومت نے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کردیا۔ نیپرا کی جانب سے (بقیہ نمبر 5)

پولیو موذی مرض، بچاؤ کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پولیو (بقیہ نمبر 19)

54 بڑے شہروں میں پراپرٹی کے نئے ویلیوایشن ٹیبلز جاری کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے 54 بڑے شہروں میں پراپرٹی کے نئے ویلیوایشن ٹیبلز جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ایف بی آر کے (بقیہ نمبر 20)

رحمٰن کے بندے ادب، تسلیم اور عشق کا پیکر ہوتے ہیں

جس طرح اللہ ربّ العزت نے آسمان کے بارہ برج بنائے ہیں اسی طرح محمد کی آل میں 12 امام رکھے ہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) رحمٰن کے بندے ادب، تسلیم اور عشق کا پیکر ہوتے ہیں۔ جس طرح اللہ ربّ العزت نے آسمان کے بارہ برج بنائے ہیں اسی طرح محمد کی آل میں 12 امام رکھے ہیں جو دین کی تعلیمات کے حقیقی داعی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سرپرست اعلیٰ ادارہ تعلیمات اسلامیہ خیابان سرسید علامہ سید ریاض حسین شاہ نے ہفتہ وار محفل ذکر و درس قرآن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس عظیم الشان محفل میں مشائخ عظام، سادات کرام، علمائے کرام اور عوام الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سید ریاض حسین شاہ نے اپنے خطاب میں سورہ فرقان کی آیت کی تفسیر بتاتے ہوئے کہا کہ آسمانوں کی تخلیق اللہ تبارک وتعالیٰ کی عظمت اور اس کے بے شمار احسانات کی دلیل ہے۔ انہوں نے کہا جس اللہ طرح تعالیٰ نے قرآن میں آسمانوں کے 12 برجوں کا ذکر کیا ہے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی روشنی میں کہ میرے بعد میری امت کے بارہ نقیب ہونگے جن کے باعث اللہ ربّ العزت دین کی حفاظت فرمائے گا، انکی بدولت زمین پر بارشیں برسیں گی اور فصلیں پکیں گی انھیں کی وجہ سے تمھیں رزق دیا جائے گا۔ یہ ہی وہ مقدس ہستیاں ہونگی جو حقیقی معنوں میں دین کی محافظ ہونگیں۔

سی ڈی اے ہسپتال کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں۔ چوہدری محمد یٰسین

سی ڈی اے ہسپتال ملازمین کا قیمتی اثاثہ ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان و دیگر عہدیداران نے کہا ہے کہ سی ڈی اے ہسپتال ملازمین کا قیمتی اثاثہ ہے اسکی نجکاری کا سوچنے والوں کا کڑا احتساب کیا جائے، سی ڈی اے مزدور یونین کمیٹڈ ہسپتال کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں کرے گی، اس سلسلے میں سی ڈی اے مزدور یونین نے چیئرمین سی ڈی اے، ممبر ایڈمنسٹریشن، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کمیٹڈ ہسپتال اور متعلقہ انتظامیہ کو خط ارسال کر دیا ہے، کمیٹڈ ہسپتال سابق چیئرمین علی نواز گردیزی مرحوم نے سی ڈی اے کے ملازمین کے لیے تعمیر کروایا تھا جس سے آج تمام ملازمین اور انکے خاندان صحت کی تمام تر سہولیات حاصل کرتے ہیں، سی ڈی اے ہسپتال بنانے کے مقصد ادارے کے ملازمین اور انکے خاندان کو علاج معالجے کی سہولیات مہیا کرنا ہے لیکن سی ڈی اے انتظامیہ ہسپتال کو آؤٹ سورس کرنا چاہتی ہے اور اس حوالے سے ادارے کی موجودہ سی بی اے یونین کو اعتماد میں نہیں لیا گیا یقیناً اس عمل سے غریب ملازمین کا نقصان ہوگا اور اس حوالے سے تمام ملازمین میں سخت بے چینی پائی جاتی ہے، سی ڈی اے انتظامیہ ملازمین کو ہیلتھ انشورنس کا جھانسا دے کر صحت کی سہولیات چھیننا چاہتے ہیں، اس موقع پر ہم چیئرمین سی ڈی اے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کمیٹڈ ہسپتال سے اپیل کرتے ہیں کہ اس فیصلے کو فوری واپس لیا جائے اور ہسپتال کو آؤٹ سورس کرنے کی بجائے اس میں جدید آلات اور سہولیات مہیا کرکے ہسپتال کی حالت کو بہتر بنایا جائے، اگر اس عمل کو فوری طور پر روکا نہ گیا تو سی ڈی اے مزدور یونین ہسپتال کی نجکاری کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی اور تمام قانونی جنگ لڑے گی۔

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
بانی نعیم مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر نعیم مصطفیٰ جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ

محمد اخلاق اسلم

قائداعظم ٹرافی کی دفاعی چیمپئن کراچی ریجن وائٹس اس سال کی مہم کا آغاز پشاور ریجن کے خلاف 26 اکتوبر کو چارسدہ کے اشفاق گراؤنڈ میں کرے گی۔ پریمیئر فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں 16 ریجنز کی 18 ٹیمیں تین گروپس میں تقسیم ہوں گی۔ ہر گروپ

پر کردیا جائے گا۔ قائداعظم ٹرافی کی مجموعی انعامی رقم ایک کروڑ چھبیس لاکھ روپے ہے۔ فاتح ٹیم کو پچیتر لاکھ روپے کی انعامی رقم ملے گی جبکہ رنرز اپ ٹیم کو چالیس لاکھ روپے ملیں گے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا ہے کہ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ قائداعظم ٹرافی کی باضابطہ منظوری دے دی گئی ہے۔ یہ ٹورنامنٹ پاکستان کی ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے میں بہت اہمیت رکھتا ہے اور اس کا تسلسل ہماری قومی ٹیم کے ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے کو یقینی بناتا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ نوجوان اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے اور مردوں کی ٹین

کراچی ریجن وائٹس پشاور ریجن کے خلاف ٹائٹل کے دفاع کا آغاز کریگی

ڈومیسٹک ٹورنامنٹ قائداعظم ٹرافی کا آغاز

یہ ٹورنامنٹ پاکستان کی ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے میں بہت اہمیت رکھتا ہے، محسن نقوی

اعلیٰ معیار کے ہوں۔ پی سی بی کھلاڑیوں کو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور ٹورنامنٹ کو آسانی اور پیشہ ورانہ انداز میں چلانے کے لیے بہترین ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ٹورنامنٹ کے فارمیٹ کے مطابق چھ شہر ایبٹ آباد، چارسدہ، گوجرانوالہ، اسلام آباد، لاہور اور راولپنڈی 5 4 گروپ میچز کی میزبانی کریں گے۔ اسلام آباد کے تین مقامات ڈائمنڈ گراؤنڈ، مرغزار گراؤنڈ اور نیشنل گراؤنڈ میں گروپ اے کے میچز ہوں گے۔ ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم، چارسدہ کا اشفاق گراؤنڈ اور راولپنڈی کا شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم گروپ بی کے میچز کی میزبانی کریں گے۔ گوجرانوالہ کا جناح کرکٹ اسٹیڈیم، لاہور کا سعید اسپورٹس سٹی اور شیخوپورہ میں رانا نوید اکیڈمی گروپ سی کے میچز کی میزبانی کریں گے۔ 18 ٹیموں میں ایبٹ آباد



ٹورنامنٹ کے فارمیٹ کے مطابق ایبٹ آباد، چارسدہ، گوجرانوالہ، اسلام آباد، لاہور اور راولپنڈی 45 گروپ میچز کی میزبانی کرینگے، اسلام آباد کے تین مقامات ڈائمنڈ گراؤنڈ، مرغزار گراؤنڈ اور نیشنل گراؤنڈ میں گروپ اے، ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم، چارسدہ کا اشفاق گراؤنڈ اور راولپنڈی کا شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم گروپ بی اور گوجرانوالہ کا جناح کرکٹ اسٹیڈیم، لاہور کا سعید اسپورٹس سٹی اور شیخوپورہ میں رانا نوید اکیڈمی گروپ سی کے میچز کی میزبانی کرینگے

پاکستان کرکٹ کے ڈومیسٹک سیزن میں پاتھ وے اور ڈویژنل سطح پر مجموعی طور پر 13 ہزار میچ کھیلے جائیں گے۔ نئے ڈومیسٹک سیزن میں فرسٹ کلاس اور دیگر میچوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوگیا۔ ڈومیسٹک کھلاڑیوں کے معاوضوں اور میچ فیس میں بھی اضافہ کردیا گیا۔ کیٹیگری ون کے کھلاڑی کو ساڑھے پانچ لاکھ روپے ملیں گے، پچھلے سیزن میں یہ معاوضہ تین لاکھ روپے تھا پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 25-2024 میں تین نئے چیمپئن ٹورنامنٹس کا اعلان کردیا۔ تینوں فارمیٹس میں چیمپئن کپ ون ڈے، چیمپئن کپ ٹی 20 اور چیمپئن فرسٹ کلاس کپ منعقد ہوں گے۔ نئے سیزن کا آغاز یکم ستمبر کو چیمپئن کپ ون ڈے ٹورنامنٹ سے ہوگا۔ تین چیمپئن ٹورنامنٹس کے اضافے کے بعد پی سی بی اب مردوں کے آٹھ سینئر ٹورنامنٹس میں کل 261 میچز کا انعقاد کرے گا۔ ان تین ایونٹس میں 131 فرسٹ کلاس میچز، 2 ایونٹس میں چالیس، پچاس اوورز کے میچز اور 3 ایونٹس میں 97 فی 20 میچز شامل ہیں۔

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ان ٹورنامنٹس کا مقصد ہماری کرکٹ کو انٹرنیشنل معیار کے مطابق لانا ہے۔ ہماری موجودہ رینکنگ پاکستان کی حقیقی صلاحیت کی عکاسی نہیں کرتی لہٰذا اصل مقام بحال کرنا ہے، پاکستان کرکٹ کے مستقبل سے بہت پرامید ہوں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ چیمپئن ٹورنامنٹس ڈومیسٹک کرکٹ سے ہمارے سب سے زیادہ باصلاحیت اور مستقبل پر فارمرز کو ہمارے سینئرل کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کے ساتھ اکٹھا کریں گے اور ایسا ماحول بنائیں گے جو بین الاقوامی کرکٹ کا آئینہ دار ہو، براڈ کاسٹ میچز، لیجنڈری مینٹورز، ایلیٹ کوچنگ سٹاف اور وسیع میڈیا کوریج کے ساتھ، یہ ٹورنامنٹ ہمارے کھلاڑیوں کو وہ ایکسپوزر اور تجربہ فراہم کریں گے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

قائداعظم ٹرافی کی مجموعی انعامی رقم ایک کروڑ چھبیس لاکھ روپے ہے، فاتح ٹیم کو 75 لاکھ روپے کی انعامی رقم ملے گی جبکہ رنرز اپ ٹیم کو چالیس لاکھ روپے ملیں گے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا ہے کہ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ قائداعظم ٹرافی کی باضابطہ منظوری دے دی گئی ہے، یہ ٹورنامنٹ پاکستان کی ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے میں بہت اہمیت رکھتا ہے اور اس کا تسلسل ہماری قومی ٹیم کے ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے کو یقینی بناتا ہے

الاقوامی ٹیم میں نمائندگی کا موقع فراہم کرے گا۔ اس سال قائداعظم ٹرافی کی 8 سے 18 ٹیموں تک توسیع سے ٹیلنٹ پول میں اضافہ ہوگا اور مزید ریجنز کو اعلیٰ سطح پر حصہ لینے کا موقع مل رہا ہے۔ میں نے ذاتی طور پر تمام متعلقہ حکام کو اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے کہ اس ٹورنامنٹ کے انتظامات کی سب سے اوپر والی سائیڈ ٹرانگولر مرحلے میں جائے گی۔ سہ فریقی مرحلے میں ہر گروپ سے پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم دو میچ کھیلے گی، جس میں سرفہرست دو ٹیمیں فائنل کے لیے کوالیفائی کریں گی جو 14 سے 18 دسمبر تک ہوتا ہے۔ سہ فریقی مرحلے اور فائنل کے مقامات کا اعلان مناسب وقت

ٹورنامنٹ کے فارمیٹ کے مطابق ایبٹ آباد، چارسدہ، گوجرانوالہ، اسلام آباد، لاہور اور راولپنڈی 45 گروپ میچز کی میزبانی کرینگے، اسلام آباد کے تین مقامات ڈائمنڈ گراؤنڈ، مرغزار گراؤنڈ اور نیشنل گراؤنڈ میں گروپ اے، ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم، چارسدہ کا اشفاق گراؤنڈ اور راولپنڈی کا شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم گروپ بی اور گوجرانوالہ کا جناح کرکٹ اسٹیڈیم، لاہور کا سعید اسپورٹس سٹی اور شیخوپورہ میں رانا نوید اکیڈمی گروپ سی کے میچز کی میزبانی کرینگے

گروپ میچز کی میزبانی کریں گے۔ اسلام آباد کے تین مقامات ڈائمنڈ گراؤنڈ، مرغزار گراؤنڈ اور نیشنل گراؤنڈ میں گروپ اے کے میچز ہوں گے۔ ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم، چارسدہ کا اشفاق گراؤنڈ اور راولپنڈی کا شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم گروپ بی کے میچز کی میزبانی کریں گے۔ گوجرانوالہ کا جناح کرکٹ اسٹیڈیم، لاہور کا سعید اسپورٹس سٹی اور شیخوپورہ میں رانا نوید اکیڈمی گروپ سی کے میچز کی میزبانی کریں گے۔ 18 ٹیموں میں ایبٹ آباد ریجن، فیصل آباد ریجن، حیدرآباد ریجن، اسلام آباد ریجن، لاہور ریجن وائٹس اور لاڑکانہ ریجن کو گروپ اے میں رکھا گیا ہے۔ اے بی سے کے ریجن، بہاولپور ریجن، کراچی ریجن وائٹس، ڈیرہ مراد جمالی ریجن، فیصل آباد ریجن، قاسم آباد ریجن، حیدرآباد ریجن، اسلام آباد ریجن، کراچی ریجن بلوز، کراچی ریجن وائٹس، لاہور ریجن وائٹس، لاہور ریجن بلوز، لاڑکانہ ریجن، ملتان ریجن، پشاور ریجن، کوئٹہ ریجن، راولپنڈی ریجن اور سیالکوٹ ریجن شامل ہیں۔ سرفراز احمد کی قیادت میں 22 سے 26 اکتوبر 2023 تک قذافی اسٹیڈیم میں ہونے والے فائنل میں فیصل آباد ریجن کو 456 رنز سے شکست دینے والی کراچی وائٹس اپنے اعزاز کا دفاع کرے گی۔ ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز عبداللہ خرم نیازی کا کہنا ہے کہ قائداعظم ٹرافی پاکستان میں ڈومیسٹک کرکٹ کے بلند ترین مقام پر ہے کیونکہ یہ صرف ایک ٹورنامنٹ نہیں بلکہ ایک ایسا ایونٹ بھی ہے جو ملک بھر میں بے پناہ ٹیلنٹ کو ظاہر کرتا ہے اور نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی کرکٹ کے چیلنجز کیلئے تیار کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ کی طرح ہم کھلاڑیوں کو بہترین ممکنہ پلیٹ فارم فراہم کرتے رہیں گے تاکہ وہ ڈومیسٹک کرکٹ کے سب سے بڑے اسٹیج پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں، یہ کھلاڑی ملک کے بہترین کھلاڑیوں کے ساتھ ہونگے۔ عبداللہ خرم نیازی نے کہا کہ اس سے قبل ہم نے ایک کامیاب چیمپئن ون ڈے

پاک بھارت مکسڈ مارشل آرٹس مقابلے کل لاہور میں ہونگے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اور بھارت کے درمیان مکسڈ مارشل آرٹس مقابلے 27 اکتوبر کو لاہور میں ہوں گے۔ ایونٹ میں شرکت کیلئے 10 ایم ایم اے فائٹرز اور 5 آفیشلز پر مشتمل بھارتی دستہ لاہور پہنچ چکا ہے۔ واہگہ بارڈر پر مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر بابر راجا نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مقابلوں کا مقصد مکسڈ مارشل آرٹس کے مقابلوں کا فروغ دینا ہے۔

جشنِ گوادر یوتھ فیسٹیول 2024 کا انعقاد

لاہور (سپورٹس ڈیسک) اسپورٹس اور یوتھ افیئرز ڈپارٹمنٹ کی زیر اہتمام جشنِ گوادر یوتھ فیسٹیول 2024 کا پُروقار انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کا فروغ اور صحت مند مقابلے کی روح پیدا کرنا تھا۔ تقریب کی رونق میں اضافہ معزز مہمانوں، سیکریٹری اسپورٹس طارق قمر بلوچ اور ڈپٹی سیکریٹری اسپورٹس یاسر بازئی کی شرکت نے کیا، جنہوں نے اس تقریب کو نہ صرف سراہا بلکہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی بھی کی۔ اس موقع پر گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کی طالبات نے اپنی محنت اور لگن کا مظاہرہ کرتے ہوئے کھیلوں کے میدان میں شاندار کارکردگی دکھائی۔

پرویز احمد انٹرنیشنل جمناسٹک فیڈریشن کے کونسل ممبر منتخب

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کے پرویز احمد انٹرنیشنل جمناسٹک فیڈریشن کے ایشیا سے کونسل ممبر منتخب ہوگئے۔ دوحا قطر میں انٹرنیشنل جمناسٹک فیڈریشن کا سالانہ اجلاس ہوا، جس ایک سو ستاون ممالک کے پانچ سو آفیشلز نے شرکت کی۔ اجلاس میں اگلے چار سال کیلئے نئے عہدیداروں کا انتخاب عمل میں لایا گیا، صدارت کیلئے جاپان اور روس کے آفیشلز آمنے سامنے تھے، جاپان کیموری تناب روسی حریف کو چون کے مقابلے میں ایک سو چار ووٹوں سے ہرا کر انٹرنیشنل جمناسٹک فیڈریشن کے صدر بنے۔ اس موقع پر چار نائب صدور کا بھی انتخاب ہوا۔ سات ایگزیکٹو ممبر کیساتھ ایکس کونسل ممبران بھی لیجنڈ۔ پاکستان جمناسٹک فیڈریشن کے صدر پرویز احمد کو ایشیا کی نمائندگی کیلئے نامزد کیا گیا۔

نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے خالص منافع میں 52 فیصد کمی

30 ستمبر 2024 کو ختم ہونے والی سہ ماہی کیلئے خالص منافع 2.327 ارب روپے رہا

اسلام آباد (اے پی پی) رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے خالص منافع میں 52 فیصد کمی آئی ہے۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے کمپنی کے مالیاتی اعداد و شمار کے مطابق 30 ستمبر 2024 کو ختم ہونے والی سہ ماہی کیلئے نیسلے پاکستان لمیٹڈ کا خالص منافع 2.327 ارب روپے رہا جبکہ جولائی تا ستمبر 2023 کے دوران کمپنی کو 4.805 ارب روپے خالص منافع حاصل ہوا تھا۔ اسطرح سال 2023 کے مقابلہ میں 30 ستمبر 2024 کو ختم ہونے والی سہ ماہی کیلئے نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے خالص منافع میں 2.478 ارب روپے یعنی 52 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے اس عرصہ کیلئے کمپنی نے دوسری مرتبہ وسط مدتی 25 روپے فی حصص کیش ڈیویڈنڈ کا اعلان کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جولائی تا ستمبر 2023 کے دوران حصص آمدن 51.32 روپے تک کی ہوگئی۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج کو بھیجی گئی رپورٹس کے مطابق جنوری تا ستمبر 2024 کے دوران نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے خالص منافع میں 28.53 فیصد کمی ہوئی ہے۔ اس دوران کمپنی کو 12.285 ارب روپے خالص منافع حاصل ہوا ہے جبکہ جنوری تا ستمبر 2023 کیلئے نیسلے پاکستان لمیٹڈ کا خالص منافع 15.791 ارب روپے رہا تھا۔ خالص منافع میں 3.506 ارب روپے کی کمی کے باعث کمپنی کی فی حصص آمدن بھی 384.21 روپے کے مقابلہ میں 270.91 روپے تک کم ہوگئی۔

بینکوں کو 4255 ارب روپے فراہم کردیئے، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اوپن مارکیٹ آپریشن میں بینکوں کو 4255 ارب روپے فراہم کیے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق روایتی بینکوں کو 4232 ارب روپے 7 دن کے لیے فراہم کیے، روایتی بینکوں کو فنڈ کی فراہمی 17.56 فیصد شرح سود پر کی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے اسلامی بینکوں کو 23 ارب روپے 7 دن کے لیے فراہم کیے ہیں، اسلامی بینکوں کو 17.60 فیصد شرح منافع پر فنڈ کی فراہمی کی گئی۔ بینکوں نے 28 دن کی فنڈنگ کے لیے کوئی پیشکش ارسال نہیں کی۔

ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات پر 50 ملین ڈالرز مبادلہ خرچ

مشینری کی درآمدات میں سال کی پہلی سہ ماہی میں 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (اے پی پی) ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیادوں پر 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک اور پاکستان ادارہ شماریات (پی بی ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات پر 50 ملین ڈالرز مبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 40 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات پر 36 ملین ڈالرز مبادلہ خرچ ہوا تھا، ستمبر میں ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات کا حجم 17 ملین ڈالرز ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال ستمبر کے مقابلہ میں 12 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ سال ستمبر میں ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات پر 12 ملین ڈالرز مبادلہ خرچ ہوا تھا، اگست کے مقابلہ میں ستمبر میں ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 24 فیصد اضافہ ہوا۔

ایس ای سی پی: انشورنس انڈسٹری کے 2023 کے اعداد و شمار جاری

اثاثے 2421 ارب سے بڑھ کر 2900 ارب ہوگئے، پریمیم کی مد میں 631 ارب اکٹھا کئے

کراچی (بزنس رپورٹر) ایس ای سی پی نے 2023 کے لیئے انشورنس انڈسٹری کے لیے اعداد و شمار جاری کردیئے۔ یہ اعداد و شمار انشورنس انڈسٹری کی کارکردگی کا جامع تناظر پیش کرتے ہیں اور اسٹیک ہولڈرز کو باخبر رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ اس کے علاوہ یہ اعداد و شمار وقت کے ساتھ کارکردگی کے معیار کا تعین کرنے کے لیئے موثر بینچ مارک کے ایک ٹول کے طور پر کام کریں گی۔ رپورٹ کے مطابق، لائف انشورنس کل انڈسٹری کا 64× پریمیم وصول کرتا ہے۔ 2023 میں اس انڈسٹری کے اثاثے 2421 ارب سے بڑھ کر 2900 ارب ہو گئے۔ پریمیم کی مد میں 631 ارب اکٹھے کیے گئے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 14× کا اضافہ ہے۔ سال 2023 میں ادا کئے جانے والے کلیمز کی رقم 373 ارب تھی جو کہ 2022 میں 276 ارب تھی۔ اس رقم میں لائف انشورنس کا حصہ 289 ارب ہے۔ کمشنر انشورنس، عامر خان نے اپنے پیغام میں انشورنس سیکٹر کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کئے گئے اہم اقدامات پر روشنی ڈالی۔ ان میں بیمہ کنندگان کی جانب سے 5 سالہ اسٹریٹجک پلان کو اپنانا، قانونی اصلاحات کے نفاذ میں وفاقی حکومت کی معاونت، صوبائی سطح پر لازمی اور ضروری انشورنس تکیموں کا اجراء اور ایس ای سی پی کی جانب سے ریگولیٹری منظوری کو آسان بنانا شامل ہیں۔ پچھلے دو سالوں کی طرح 2023 کے لیے انشورنس انڈسٹری کے اعداد و شمار انشورنس کمپنیوں کے جمع کرائے گئے ڈیٹا پر مبنی ہیں۔

صنعت و تجارت

دبئی چیمبر آف کامرس کا کورین بزنس کونسل کے قیام کا اعلان

مقصد دبئی اور کوریا میں اقتصادی تعلقات کو مضبوط اور نجی شعبے کو فائدہ مند مواقع فراہم کرنا ہے

دبئی (اے پی پی) دبئی چیمبر آف کامرس نے کورین بزنس کونسل کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ کورین بزنس کونسل کے قیام کا مقصد دبئی اور جمہوریہ کوریا میں اقتصادی تعلقات کو مضبوط کرنا اور نجی شعبے کی کمپنیوں کے درمیان باہمی طور پر فائدہ مند مواقع کی راہ ہموار کرنا ہے۔ جمعہ کو کونسل کی افتتاحی سالانہ جنرل میٹنگ، جس کی میزبانی حال ہی میں دبئی چیمبرز میں کی گئی تھی، میں شرکاء نے اہم رجحانات کی نشاندہی کرتے ہوئے اور آنے والے مہینوں کے منصوبوں بشمول ان ایونٹس کے آسکہ و شیڈول پر تبادلہ خیال کیا۔ اپنی سرگرمیوں کے ذریعے، بزنس کونسل کا مقصد دبئی اور کوریا کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید بڑھانا ہے، جس میں دونوں بازاروں میں کاروباری برادریوں کے لیے سب سے زیادہ امید افزا شعبوں پر توجہ دی جائے گی۔

ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر کمی

مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں برآمدات سے ملک کو 212 ملین ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا

گزشتہ سال اسی مدت میں خدمات کی برآمدات سے 286 ملین ڈالرز زرمبادلہ ملا تھا

فیصل آباد (آئی این پی) ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک اور پاکستان ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ٹرانسپورٹ خدمات کی برآمدات سے ملک کو 212 ملین ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ سال ستمبر میں 58 ملین ڈالرز ریکارڈ کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں خدمات شعبہ کی مجموعی برآمدات سے ملک کو 1.907 ارب ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 6 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں خدمات شعبہ کی مجموعی برآمدات کا حجم 1.801 ارب ڈالرز ریکارڈ کیا گیا تھا۔

پنجاب: رواں سال 17 لاکھ 50 ہزار ایکڑ رقبے پر کماد کی کاشت کا ہدف مقرر

کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی فراہم کرنے سے مثبت نتائج ملیں گے، محکمہ زراعت

فیصل آباد (اے پی پی) فیصل آباد ڈویژن سمیت پنجاب میں رواں سال 17 لاکھ 50 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر کماد کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ گزشتہ سال پنجاب میں 17 لاکھ 56 ہزار ایکڑ رقبہ پر کماد کی فصل کاشت کی گئی تھی جس سے تقریباً 4 کروڑ 10 لاکھ 94 ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔ نظامت زرعی اطلاعات محکمہ زراعت کے مطابق گزشتہ سالوں کے مقابلہ میں تقریباً 626 من فی ایکڑ سے زائد پیداوار حاصل ہوئی جبکہ اس سال بھی بمپر کراپ حاصل ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں کماد تقریباً 29 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کاشت ہوتا ہے جس میں تقریباً 65 فیصد حصہ پنجاب کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال پنجاب میں 17 لاکھ 50 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر کماد کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے تاہم پاکستان میں کماد کی فی ایکڑ اوسط پیداوار 627 من ہے جو کہ دیگر ممالک سے کم ہے لیکن چونکہ حکومت کی جانب سے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی فراہم کی جارہی ہے لہٰذا اس کے مثبت نتائج حاصل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ گنے کی پیداوار کے لحاظ سے برازیل، بھارت، چین اور تھائی لینڈ کے بعد پاکستان پانچویں نمبر پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کماد کے زیر کاشت رقبہ میں کچھ کمی کاشتکاروں کے دیگر فصلات دھان، مکئی اور کپاس کی طرف زیادہ رجحان کی وجہ سے واقع ہوئی حالانکہ ہمارے ہاں کماد کی ترقی دادہ اقسام میں کافی پوٹینشل موجود ہے لہٰذا اگر ہمارے کاشتکار پیداواری منصوبہ میں دی گئی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے کماد کاشت کریں تو پاکستان میں کماد کی فی ایکڑ پیداوار برازیل اور بھارت کی کماد کی فی ایکڑ پیداوار کے برابر لایا جاسکتا ہے۔

السی کی کاشت کیلئے درمیانی میرازمین انتہائی اہمیت کی حامل قرار

فیصل آباد (اے پی پی) السی کی کاشت کیلئے درمیانی میرازمین کو انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا گیا اور محکمہ زراعت نے کاشتکاروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ السی کی کاشت فوری طور پر شروع کردیں تاکہ بروقت کاشت مکمل ہونے کی صورت میں بہتر پیداوار کا حصول ممکن ہو سکے۔ ریسرچ اتھارٹی یونٹ آری فیصل آباد کے مطابق السی کی کاشت 15 نومبر تک مکمل کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاشتکار السی کی منظور شدہ قسم چاندنی 1988 کی کاشت کیلئے زمین میں 2 سے 3 مرتبہ مٹی پلٹنے والا ہل چلا کر اسے 2 سے 3 مرتبہ سہاگہ دیں تاکہ زمین نرم و بھربھری ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین طور پر تیار ہو سکے۔ انہوں نے بتایا کہ السی کی فصل کو بذریعہ ڈرل کاشت کرتے ہوئے اس کی قطاروں کا درمیانی فاصلہ بھی 30 سنٹی میٹر تک ہونا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ نہری علاقوں میں 6 کلو گرام فی ایکڑ اور بارانی علاقوں میں 8 کلو گرام فی ایکڑ بیج ڈال کر بمپر کراپ حاصل کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس ضمن میں مزید رہنمائی و مشاورت کیلئے ماہرین زراعت یا محکمہ زراعت کے فیلڈ سٹاف سے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

شوبز و اسپورٹس

پاکستان کے سب سے بڑے فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کا آغاز آج سے

قائداعظم ٹرافی ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے 16 ریجنز کی 18 ٹیمیں حصہ لیں گی، ایونٹ کا اختتام 19 دسمبر کو ہوگا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ کے سب سے بڑے فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ قائداعظم ٹرافی کا آغاز 26 اکتوبر سے ہوگا، ٹورنامنٹ میں 16 ریجنز کی 18 ٹیمیں حصہ لیں گی، ایونٹ کا اختتام 19 دسمبر کو ہوگا۔ ایونٹ میں حصہ لینے والی 18 ٹیموں میں ایبٹ آباد ریجن، اے بی سے کے ریجن، بہاولپور ریجن، ڈیرہ مراد جمالی ریجن، فیصل آباد ریجن، قاسم آباد ریجن، حیدرآباد ریجن، اسلام آباد ریجن، کراچی ریجن بلوز، کراچی ریجن وائٹس، لاہور ریجن وائٹس، لاہور ریجن بلوز، لاڑکانہ ریجن، ملتان ریجن، پشاور ریجن، کوئٹہ ریجن، راولپنڈی ریجن اور سیالکوٹ ریجن شامل ہیں۔ سرفراز احمد کی قیادت میں 22 سے 26 اکتوبر 2023 تک قذافی اسٹیڈیم میں ہونے والے فائنل میں فیصل آباد ریجن کو 456 رنز سے شکست دینے والی کراچی وائٹس اپنے اعزاز کا دفاع کرے گی۔ ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز عبداللہ خرم نیازی کا کہنا ہے کہ قائداعظم ٹرافی پاکستان میں ڈومیسٹک کرکٹ کے بلند ترین مقام پر ہے کیونکہ یہ صرف ایک ٹورنامنٹ نہیں بلکہ ایک ایسا ایونٹ بھی ہے جو ملک بھر میں بے پناہ ٹیلنٹ کو ظاہر کرتا ہے اور نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی کرکٹ کے چیلنجز کیلئے تیار کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ کی طرح ہم کھلاڑیوں کو بہترین ممکنہ پلیٹ فارم فراہم کرتے رہیں گے تاکہ وہ ڈومیسٹک کرکٹ کے سب سے بڑے اسٹیج پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں، یہ کھلاڑی ملک کے بہترین کھلاڑیوں کے ساتھ ہونگے۔ عبداللہ خرم نیازی نے کہا کہ اس سے قبل ہم نے ایک کامیاب چیمپئن ون ڈے

گیانا میں ہونے والی گلوبل سپر لیگ کا آغاز آج ہوگا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) لاہور قلندرز کی ٹیم گیانا میں ہونے والی گلوبل سپر لیگ میں شرکت کرے گی، لیگ میں پانچ ٹیمیں شرکت کریں گی۔ جی ایس ایل ٹی ٹوئنٹی کے شیڈول کا بھی اعلان کر دیا گیا ہے۔ لاہور قلندرز کی انگلینڈ کا کہنا ہے کہ گیانا میں ہونے والی گلوبل سپر لیگ کا حصہ بننے کے لیے پرجوش ہیں، لاہور قلندرز واحد ٹیم ہے جو جی ایس ایل ٹی ٹوئنٹی میں پاکستان کی نمائندگی کرے گی۔ جی ایس ایل ٹی ٹوئنٹی کے پہلے ایڈیشن میں لاہور قلندرز سمیت انگلینڈ سے ہیمپشائر ہاکس، ویسٹ انڈیز سے گیانا ایمازون وارئیرز، بنگلا دیش سے رنگپور رائیڈرز اور آسٹریلیا سے ڈکٹوریا کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ جی ایس ایل ٹی ٹوئنٹی 26 نومبر سے 7 دسمبر تک کھیلی جائے گی۔

پاکستان اوپن ٹینس: مزمل اور شعیب کے فائنل میں رسائی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) شہریار ملک میموریل پاکستان اوپن ٹینس چیمپئن شپ، 2024 جو کہ اسپورٹس بورڈ پنجاب ٹینس اکیڈمی، نشتر پارک لاہور میں جاری ہے، مزمل مرتضیٰ اور محمد شعیب نے مردوں کے سنگلز فائنل میں رسائی حاصل کرلی۔ مزمل مرتضیٰ نے برکت اللہ کو 6-3، 3-6، 6-3 سے شکست دی، جبکہ محمد شعیب نے محمد عابد کے خلاف 6-3، 6-7، 6-4 سے فتح حاصل کی۔ مردوں کے ڈبلز سیمی فائنل میں، محمد شعیب نے عقیل خان کے ساتھ مل کر مزمل مرتضیٰ اور عابد کو 7-5، 4-6، 6-4 کے مقابلے میں شکست دی۔ اب ان کا مقابلہ میر اعاشق اور عبداللہ عدنان سے ہوگا، جنہوں نے سیمی فائنل میں ذیب خان اور شہزاد خان کو 6-10، 7-6، 6-3 سے شکست دی۔

پولوان پنک، نیوایج کیمیلز/ ایف جی/ دین پولو فائنل میں



لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور سمارٹ سٹی پولو ان پنک کے چوتھے روز دو سیمی فائنلز اور دو اور میچز کھیلے گئے۔ نیوایج کیمیلز اور ایف جی/ دین پولو کی ٹیموں نے اپنے سیمی فائنلز جیت کر مین فائنل کیلئے جبکہ ٹوئنل نیوٹریشن اور ڈائمنڈ پینٹس کی ٹیموں نے سب سنڈری فائنل کیلئ

چیپٹر 1

اڑنا کرکٹ ہے، جسے قومی ٹی ٹوئنٹی نے پہلے میں ہوئی۔ ہیں۔ ہے۔ ہوا۔ ہوئی۔ ہوئے۔ ہوں۔ ہونا۔ ہونے۔ ہون

پنجاب حکومت سموگ کنٹرول کرنے کیلئے کوتاہی نہیں برتے گی، مریم اورنگزیب

پہلی بار سیف سٹی کیمروں کے ذریعے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کا چالان کیا جارہا، ٹھوس چھوڑنے والی گاڑی، موٹر سائیکل پر زیرو ٹالرنس ہے

پلاسٹک موت ہے، اشیائے خودونوش ہرگز مضر صحت پلاسٹک بیگز میں نہ ڈالے جائیں، سینئر صوبائی وزیر کا پریس کانفرنس سے خطاب، بیان

لاہور (آئی این پی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ لاہوریوں کو سموگ کے خلاف اعلان جنگ کرنا ہوگا جبکہ پنجاب حکومت سموگ کنٹرول کرنے کیلئے کوتاہی نہیں برتے گی۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ لاہور ڈویژن کا سموگ کا مسئلہ ہم سب کے سامنے ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے تمام متعلقہ سیکرٹرز کو میز پر بٹھایا، تمام سیکٹرز کو ٹائم لائن کے مطابق کام دیا گیا، بھٹے اور انڈسٹریل زون (بقیہ نمبر 6 0)

لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ورک فرام ہوم کرنیوالے وفاق پر چڑھائی کروانا چاہتے ہیں، فیصل کریم

عدالت نے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ نکالے ہیں تو پولیس کو چاہیے گرفتار کرے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ سے باہر بیٹھ کر "ورک فرام ہوم" کرنے والے ہر ہفتے وفاق پر چڑھائی کروانا چاہتے ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ خود جلوس لے کر نہیں آتے، سارے جلوس کے پی سے آتے ہیں، یہ لوگ وفاق اور کے پی پولیس کی ٹکرا چاہتے ہیں۔ گورنر کے پی کا کہنا تھا کہ آئینی (بقیہ نمبر 5 7)

کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں نے اپنی اہمیت منوائی، وزیراعظم جسٹن ٹروڈو

کینیڈا کی حکومت اور عوام ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، تقریب سے خطاب

دبئی (آئی این پی) کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا ہے کہ کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں نے کینیڈا کی ترقی میں اپنا بھرپور حصہ ڈال کر اپنی اہمیت منوائی ہے جبکہ سیاست کے میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار وفاقی رکن پارلیمنٹ شفقت علی کی طرف سے ان کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا (بقیہ نمبر 5 8)

پی پی پی الائنس واضع مینڈیٹ کے ساتھ اقتدار میں آیا، علی حسام

واضع برتری ہمیں ملنے کے بعد بھی مدمقابل فریق دھاندلی کا واویلا کررہا جو سمجھ سے بالاتر ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین پی پی جی علی حسام اصغر نے کہا ہے لاہور چیمبر آف کامرس میں پی پی پی الائنس واضع مینڈیٹ کے ساتھ اقتدار میں آیا ہے۔ مخالفین شکست تسلیم کرنے کی بجائے غیر جمہوری رویوں پر اتر آئے ہیں۔ اتنی واضع برتری ہمیں ملنے کے بعد بھی مدمقابل فریق دھاندلی کا واویلا کررہا ہے جو سمجھ سے بالاتر ہے۔ پی پی جی، پیاف اور پروگریسو کے نومنتخب نمائندگان بزنس (بقیہ نمبر 5 6)

ضلع خیبر میں پولیس اسٹیشن پر دہشتگردوں کا حملہ، ایک اہلکار شہید

پشاور (آئی این پی) ضلع خیبر کے علاقے تھانہ ملاگوری میں پولیس اسٹیشن پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رائے مظہر اقبال نے بتایا ہے کہ تھانہ ملاگوری ضلع خیبر کا دور آفتادہ علاقہ ہے جہاں قریبی پہاڑوں میں دہشتگردوں نے گھات لگا کر تھانہ ملاگوری کی عمارت پر فائرنگ کردی۔ ڈی پی او نے کہا کہ فائرنگ میں اسنائپر گن اور خودکار اسلحہ استعمال کیا گیا جس میں ایک پولیس اہلکار ثاقب خان موقع پر شہید ہوگیا جب کہ پولیس کی جوابی فائرنگ سے دہشتگرد فرار ہوگئے۔

عمران خان کیخلاف قانونی کارروائی کا فیصلہ پاکستانی عدالتوں نے کرنا ہے، میتھیو ملر

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کیخلاف قانونی کارروائی کا فیصلہ پاکستانی عدالتوں نے ملکی قوانین اور آئین کے مطابق کرنا ہے، صدر جو بائیڈن کو اراکین کانگریس کی جانب سے لکھے گئے خط پر کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتا۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ نپھر پریس بریفنگ کے دوران صحافی کی جانب سے پوچھے گئے سوال پر کہا کہ (بقیہ نمبر 5 9)

فیک نیوز پھیلانے کا الزام، سینئر تجزیہ کار ایاز امیر کی 4 نومبر تک عبوری ضمانتیں منظور

لاہور (آئی این پی) لاہور کے ایڈیشنل سیشن جج سلیمان گھمن نے نجی کالج میں ریپ کی جعلی خبر پھیلانے پر سینئر تجزیہ کار ایاز امیر کی پولیس اور ایف آئی اے کی جانب سے درج مقدمات میں 4 نومبر تک عبوری ضمانتیں منظور کرلیں۔ عدالت نے پراسیکوشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ ایڈیشنل سیشن جج سلیمان گھمن نے سینئر صحافی اور تجزیہ کار ایاز امیر کی درخواست ضمانت پر سماعت کی

اکتوبر بھی کراچی کے شہریوں کے لئے جون جیسا مہینہ

کھانسی، نزلے اور گلے کے انفیکشن کی بیماریاں کراچی کی سڑکیں ابتر صورتحال کا شکار ہیں

کراچی (ارمان فاروقی / ڈسٹرکٹ رپورٹر) اکتوبر بھی کراچی کے شہریوں کے لئے جون جیسا مہینہ شدید گرمی۔ کراچی کے عوام نرم گرم موسم میں بیمار۔ چکن گونیا نے جڑیں جما لیں۔ کھانسی، نزلے اور گلے کے انفیکشن کی بیماریاں۔ کراچی کی سڑکیں ابتر صورتحال کا شکار ہیں۔ پانی کی فراہمی نہیں کی جا رہی۔ عوام گیس کی لوڈ شیڈنگ سے پریشان ہیں۔ گرمی سے بے حال عوام بارش کی دعائیں کرنے لگے کہ موسم بدل جائے۔ کراچی میں اسپتال مریضوں سے بھر گئے۔ سانس کی بھی بیماریاں۔ چکن گونیا کے سینکڑوں مریض زیر علاج۔ ڈاکٹرز نے عوام کو احتیاط کی ہدایت کردی۔ جبکہ عوام نے میئر کراچی اور ٹی ایم سیز سے مچھروں کے خاتمے کے لئے اسپرے کا مطالبہ کیا ہے۔

لاہور، انسداد دہشتگردی عدالت میں پیش پرلائے جانے کے موقع پر مسرت چیمہ اپنے بیٹے سے مل رہی ہیں

ماحول کی حفاظت کے لیے پرعزم ہیں، روبینہ خورشید عالم

ہم کمیٹیز کو فعال طور پر شامل کرتے ہیں اور فطرت کو بہتر والے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کی کوارڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی کوآرڈینیشن کی وزارت جامع حکمت عملی کے ذریعے ماحول کی حفاظت کے لیے پرعزم ہے، ہماری کوششیں پالیسی سے بالاتر ہیں، ہم کمیونٹیز کو فعال طور پر شامل کرتے ہیں اور فطرت کو بہتر والے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں۔ تفصیل کے مطابق روبینہ خورشید عالم نے جمعہ کو یہاں وائلڈ لائف آرٹ نمائش کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ آج یہاں وائلڈ لائف آرٹ نمائش میں آکر خوشی ہوئی جس میں احسن اور کامران قریشی کی شاندار تخلیقات پیش کی گئی ہیں۔ روبینہ خورشید عالم نے کہا کہ ان کا فن پاکستان کی جنگلی حیات کی خوبصورتی اور اس کے تحفظ کی فوری ضرورت پر توجہ دلاتا ہے

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضے کے 77 برس، قومی اسمبلی میں یوم سیاہ کی قرارداد منظور

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے، وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے قرارداد پیش کی

اسلام آباد (آئی این پی) مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضے کے 77 برس مکمل ہونے پر قومی اسمبلی میں یوم سیاہ کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی۔ قومی اسمبلی میں قرارداد وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے پیش کی۔ قرارداد کے متن میں لکھا گیا کہ 27 اکتوبر 1948 کو مقبوضہ کشمیر پر بھارتی افواج نے قبضہ کیا، اسی قبضے کے خلاف 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے، بھارتی افواج کے (بقیہ نمبر 3 9)

6 سال سے کہہ رہا ہوں سپریم کورٹ میں بہت بڑی دراڑ ہے، اعتزاز احسن

سپریم کورٹ کے ججز کو اپنی طاقت کا اندازہ نہیں، ججز کو ایک ہوجانا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) ماہر قانون اعتزاز احسن کا کہنا ہے کہ 6 سال سے کہہ رہا ہوں سپریم کورٹ میں بہت بڑی دراڑ ہے، سپریم کورٹ کے ججز کو اپنی طاقت کا اندازہ نہیں ہے، سپریم کورٹ کے ججز کو ایک ہوجانا چاہیے، سپریم کورٹ میں دراڑ بہت سنگین ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کو کئی بار کہا گیا ایک پارٹی کے کیسز کو نہ سنیں۔ تو ہن عدالت کرنے (بقیہ نمبر 4 0)

ن لیگ فرانس کے سینئر عہدیدار راجہ علی کی یوکے آمد، بیرسٹر امجد سے ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور تارکین وطن کی گزارشات پر تبادلہ خیال ہوا

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن فرانس کے سینئر عہدیدار راجہ محمد علی نے مسلم لیگ ن کے چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز اور وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے حال ہی میں تعینات وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک سے ملاقات کی ہے اور سرپرست اعلیٰ طلعت چوہان، صدر میاں حنیف، جنرل سیکرٹری رانا محمود خان اور تمام مسلم لیگ ن فرانس کی کابینہ اور ممبران کی (بقیہ نمبر 4 1)

21 دن کی قید میرے والد کی قربانی کے آگے کچھ نہیں، احسن ریاض

میری رہائی کیلئے مساجد میں دعائیں، قران خوانی کروانے پر محبت کرنیوالوں کا مشکور ہوں

لاہور (سٹی رپورٹر) سابق رکن پنجاب اسمبلی احسن ریاض فتیانہ نے 21 دن کے بعد رہا ہوکر گھر واپسی پر اپنے پیغام میں کہا ہے 3 اور 4 اکتوبر کی درمیانی رات 3 بجے مجھے گھر سے اٹھایا گیا۔ میری والدہ محترمہ ایم پی اے آشفہ ریاض نے میاں علی اشفاق ایڈووکیٹ کے ذریعے ہائیکورٹ سے رجوع کیا، 4 دن بعد مقدمہ لگا رہائی ہوئی اسی دن 6 گھنٹے بعد دوبارہ گرفتار کرلیا گیا۔ جس کے بعد دوبارہ لاہور ہائیکورٹ سے میری والدہ نے رجوع کیا، کل 25 اکتوبر کو سی پی او لاہور اور ڈی آئی جی آپریشن لاہور کو ہائیکورٹ نے طلب کر رکھا تھا۔ 24 اکتوبر کو دوپہر کے وقت مجھے چھوڑ دیا گیا۔ میرے والد ایم (بقیہ نمبر 5 4)

قادیانی ملکی خودمختاری واستحکام، خارجہ پالیسیوں کیلئے شدید خطرہ ہیں، علماء

قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹائے بغیر ہمارے ایٹمی اثاثہ جات محفوظ نہیں ہوسکتے

بیرون ممالک سفارتخانوں کو قادیانی آماجگاہ بننے سے بچایا جائے، ختم نبوت کانفرنس سے خطاب

لاہور (پ ر) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام مرکز ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں منعقد ہونے والی 43 ویں سالانہ دو روزہ ختم نبوت کانفرنس ملکی سلامتی، لبنان اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کے لیے پرسوز دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ سیکورٹی کے حساس اداروں نے پنڈال کو چاروں اطراف سے گھیرے میں لیا ہوا تھا اور سیکورٹی پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملحقہ سڑکوں کو خاردار تاروں سے بلاک کیا ہوا تھا۔ کانفرنس کا پنڈال نعرہ تکبیر، اللہ اکبر اور ختم نبوت زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے گونجتا رہا۔ مختلف نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کلیدی عہدوں (بقیہ نمبر 4 5)

نیب لاہور کا مطالعاتی دورہ کرنیوالے دیال سنگھ کالج کے ساتذہ اور طلبہ کے وفد کا ادارے کے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

اے این ایف کی ملک گیر 13 کارروائیاں، 12 ملزمان گرفتار

ایک کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد، ملزمان کا طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف

راولپنڈی (آئی این پی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک گیر 13 مختلف کارروائیوں کے دوران 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلی گئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس کے مطابق ملک بھر میں تعلیمی اداروں کے اطراف اور دیگر علاقوں میں منشیات فروشی و اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اسی سلسلے میں 13 مختلف کارروائیوں میں ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 81.806 کلوگرام منشیات (بقیہ نمبر 4 8)

خیر پور، عدالت میں پیشی پر آئے ملزمان پر فائرنگ، 3 جاں بحق

واقعہ بظاہر دشمنی کا شاخسانہ، پولیس نے تفتیش شروع کردی، وزیراعلیٰ کا نوٹس، رپورٹ طلب کرلی

خیر پور (آئی این پی) خیر پور میں عدالت میں پیشی پر آئے ملزمان پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق سیشن کورٹ خیر پور میں پیشی پر آنے والے ملزمان پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہوگئے، جن میں شکیل کاندھڑو، حاتم کاندھڑو اور برکت شامل ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں کا تعلق تحصیل کوٹ ڈیجی سے ہے۔ واقعے کے بعد تینوں افراد کی لاشوں کو سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کی نفری نے جائے وقوع پر پہنچ کر ناکا بندی کی اور شواہد اکٹھے کیے۔ تاحال فائرنگ کرنے والے ملزمان کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس (بقیہ نمبر 4 9)

عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، گورنر پنجاب

26 ویں آئینی ترمیم انصاف کی فوری فراہمی کے حوالے سے اہم سنگ میل ہے، صرف پیپلز پارٹی نہیں پورے پنجاب کا گورنر ہوں، سردار سلیم حیدر

وکلا نے ہمیشہ قانون کی بالادستی کے لیے کردار ادا کیا، سرکاری محکموں میں پبلک سروس ڈیلیوری بہتر بنانے کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری سے گفتگو

لاہور (آئی این پی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم انصاف کی فوری فراہمی کے حوالے سے اہم سنگ میل ہے، وکلا نے ہمیشہ قانون کی بالادستی کے لیے کردار ادا کیا ہے، صرف پیپلز پارٹی نہیں پورے پنجاب کا گورنر ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش (بقیہ نمبر 5 5)

لاہور، سینئر رہنما مسلم لیگ ن خواجہ احمد حسان میڈیلیتھ ہسپتال کا افتتاح کررہے ہیں

جامعہ پنجاب تصادم واقعہ، سینئر سیکورٹی افسر طلبہ سے جھگڑے کا ذمہ دار قرار

لاہور (آئی این پی) لاہور میں واقع پنجاب یونیورسٹی میں گارڈز اور طلبہ کے درمیان تصادم کے واقعے کی تحقیقات کرنے والی کمیٹی نے سینئر سیکورٹی افسر کو واقعے کا ذمے دار قرار دے دیا۔ انکوائری کمیٹی نے تحقیقات مکمل کرتے ہوئے پنجاب یونیورسٹی کے سینئر سیکورٹی افسر کو عہدے سے ہٹانے کی سفارش کر دی۔ جامعہ پنجاب کے وائس چانسلر نے واقعے کی تحقیقات کے لیے کمیٹی تشکیل دی تھی جس نے تحقیقات مکمل کرکے سفارشات پیش کردیں۔ انکوائری کمیٹی کے ذرائع کے حوالے سے (بقیہ نمبر 5 3)

فیصل آباد سمیت پنجاب کے بڑے شہروں میں 200 میٹرو بسیں چلانے پر غور

فیصل آباد (آئی این پی) حکومت پنجاب کی طرف سے فیصل آباد سمیت صوبے کے دیگر بڑے شہروں میں میٹرو بس سروس شروع کرنے کیلئے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے اشتراک سے سٹڈی جاری ہے۔ اس منصوبے کے تحت فیصل آباد میں ابتدائی طور پر 200 بسیں چلانے پر غور کیا جارہا ہے۔ قبل ازیں فیصل آباد میں آخری مرتبہ پبلک ٹرانسپورٹ کا اجراء 1994ء میں اس وقت کے کمشنر فیصل آباد تسنیم نورانی نے کیا تھا جس کی خاص بات یہ تھی کہ اس پر حکومت کا ایک روپیہ بھی خرچ نہیں ہوا تھا۔

پنجاب بھر میں ڈینگی کے وار جاری، نئے 128 کیسز رپورٹ

لاہور (آئی این پی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں ڈینگی کے وار جاری ہیں، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ میں ڈینگی کے 128 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ایک ہفتہ میں 794 جبکہ رواں سال اب تک 4785 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہوئے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں پنجاب میں ایک مریض جاں بحق ہوا، گزشتہ ایک ہفتہ میں پنجاب میں 2 اموات، ایک ماہ میں سات اموات ہوئیں

پاکستان سول سوسائٹی کے زیر اہتمام کارکن مہنگائی کیخلاف احتجاج کررہے ہیں

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر لائیوسٹاک کارڈ کے حصول کیلئے آگاہی مہم

لائیوسٹاک کمپلیکس پاکپتن میں لائیوسٹاک کارڈ کے طریقہ کار سے متعلق ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

لاہور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن، سیکریٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل، ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک پنجاب ڈاکٹر اشرف اور ڈائریکٹر لائیوسٹاک ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر رانا عبدالرؤف کی ہدایات پر ضلع پاکپتن میں لائیوسٹاک کارڈ کے حصول کے لیے آگاہی مہم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلہ میں لائیوسٹاک کمپلیکس پاکپتن میں لائیوسٹاک سٹاف (بقیہ نمبر 5 2)

ن لیگ کی سیاست ہمیشہ مہذب معاشرے کی علمبردار ہے، ذیشان ملک

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز ہونہار نوجوانوں کو روشن مستقبل کی علامت سمجھتی ہیں، معاون خصوصی

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور ذیشان ملک کی فوکل پرسن مسلم لیگ ن احمد سعید محسن کے ہمراہ یوتھ کے عہدیداروں سے ملاقات۔ میاں زبیر، میاں احسان، رانا عامر اور زریاب خان کی بھی شرکت۔ معاون خصوصی ذیشان ملک نے عہدیداران کو آئندہ کی حکمت عملی اور اقدامات بارے ہدایات جاری کیں۔ ذیشان ملک کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 5 1)

ٹیکسپو میں 91 کروڑ ڈالرز کے معاہدے ہوئے، زبیر موتی والا

نمائش میں 60 ملکوں کے 523 مندوبین پاکستان آئے ہیں، چیئرمین ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی

کراچی (آئی این پی) چیئرمین ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی زبیر موتی والا نے کہا ہے کہ ٹیکسپو میں 3 دن کے دوران 91 کروڑ ڈالرز کے معاہدے ہوئے جبکہ تیسرے روز کے اختتام تک 25 معاہدے ہونے کی امید ہے۔ انہوں نے ٹیکسپو کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکسپو کی مقامی اور عالمی سطح پر خوب پزیرائی ہوئی ہے، 3 دن میں 10 یادداشتی معاہدے (بقیہ نمبر 5 0)

لاہور، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک ایکسپو سینٹر لاہور میں پاکستان آٹو پارٹس شو کا افتتاح کررہے ہیں

عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، گورنر پنجاب

26 ویں آئینی ترمیم انصاف کی فوری فراہمی کے حوالے سے اہم سنگ میل ہے، صرف پیپلز پارٹی نہیں پورے پنجاب کا گورنر ہوں، سردار سلیم حیدر

وکلا نے ہمیشہ قانون کی بالادستی کے لیے کردار ادا کیا، سرکاری محکموں میں پبلک سروس ڈیلیوری بہتر بنانے کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری سے گفتگو

لاہور (آئی این پی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم انصاف کی فوری فراہمی کے حوالے سے اہم سنگ میل ہے، وکلا نے ہمیشہ قانون کی بالادستی کے لیے کردار ادا کیا ہے، صرف پیپلز پارٹی نہیں پورے پنجاب کا گورنر ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش (بقیہ نمبر 5 5)

لاہور، سینئر رہنما مسلم لیگ ن خواجہ احمد حسان میڈیلیتھ ہسپتال کا افتتاح کررہے ہیں

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر لائیوسٹاک کارڈ کے حصول کیلئے آگاہی مہم

لائیوسٹاک کمپلیکس پاکپتن میں لائیوسٹاک کارڈ کے طریقہ کار سے متعلق ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

لاہور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن، سیکریٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل، ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک پنجاب ڈاکٹر اشرف اور ڈائریکٹر لائیوسٹاک ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر رانا عبدالرؤف کی ہدایات پر ضلع پاکپتن میں لائیوسٹاک کارڈ کے حصول کے لیے آگاہی مہم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلہ میں لائیوسٹاک کمپلیکس پاکپتن میں لائیوسٹاک سٹاف (بقیہ نمبر 5 2)

ن لیگ کی سیاست ہمیشہ مہذب معاشرے کی علمبردار ہے، ذیشان ملک

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز ہونہار نوجوانوں کو روشن مستقبل کی علامت سمجھتی ہیں، معاون خصوصی

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور ذیشان ملک کی فوکل پرسن مسلم لیگ ن احمد سعید محسن کے ہمراہ یوتھ کے عہدیداروں سے ملاقات۔ میاں زبیر، میاں احسان، رانا عامر اور زریاب خان کی بھی شرکت۔ معاون خصوصی ذیشان ملک نے عہدیداران کو آئندہ کی حکمت عملی اور اقدامات بارے ہدایات جاری کیں۔ ذیشان ملک کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 5 1)

ٹیکسپو میں 91 کروڑ ڈالرز کے معاہدے ہوئے، زبیر موتی والا

نمائش میں 60 ملکوں کے 523 مندوبین پاکستان آئے ہیں، چیئرمین ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی

کراچی (آئی این پی) چیئرمین ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی زبیر موتی والا نے کہا ہے کہ ٹیکسپو میں 3 دن کے دوران 91 کروڑ ڈالرز کے معاہدے ہوئے جبکہ تیسرے روز کے اختتام تک 25 معاہدے ہونے کی امید ہے۔ انہوں نے ٹیکسپو کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکسپو کی مقامی اور عالمی سطح پر خوب پزیرائی ہوئی ہے، 3 دن میں 10 یادداشتی معاہدے (بقیہ نمبر 5 0)

لاہور، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک ایکسپو سینٹر لاہور میں پاکستان آٹو پارٹس شو کا افتتاح کررہے ہیں

ڈی جی ٹی او نے الیکشن لاہور چیمبر کو شفاف قرار دے دیا، شاہد نذیر

مخالفین کی الزام تراشی اور الیکشن میں ہار کو نہ ماننے کی روش پرانی روایت ہے، نائب صدر

لاہور (سٹی رپورٹر) نائب صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری شاہد نذیر چوہدری نے کہا ہے ڈی جی ٹی او الیکشن لاہور چیمبر آف کامرس کو شفاف قرار دے دیا ہے۔ مخالفین کی الزام تراشی اور الیکشن میں ہار کو نہ ماننے کی روش پرانی روایت ہے۔ پیاف پاکستز اور پروگریسو اتحاد متحد ہے یک (بقیہ نمبر 3 6)

طالبات نیشنل کالج آف آرٹس میں کشمیری عوام پر ہونیوالے مظالم کو اجاگر کرنے کیلئے منعقدہ نمائش دیکھ رہی ہیں

ویٹرنری یونیورسٹی میں چھوٹے جانوروں کی آرتھو پیڈک سرجری کے موضوع پر ورکشاپ اختتام پذیر

لاہور (سٹاف رپورٹر): یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور میں چھوٹے جانوروں کی آرتھوپیڈک سرجری کے موضوع پر دو روزہ سے جاری تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب کے بعد شرکا کا گروپ فوٹو

رٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر عائشہ حسن، ورکشاپ آرگنائزنگ سیکرٹری ڈاکٹر حامد اکبر، ڈاکٹر نوید حسین کے علاوہ اساتذہ اور شرکا کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروفیسر ڈاکٹر مظہر اقبال اور ڈاکٹر اکمل رانا نے بطور ریسورس پرسنز ورکشاپ میں شریک ہوئے۔ دوروزہ ورکشاپ میں ماہرین نے شرکا کو ویٹرنری آرتھوپیڈک کے تعارف، ہڈی میں پن لگانے اور ہڈی پلیٹنگ سے متعلقہ موضوعات پر تفصیلی لیکچرز دیے اور عملی مظاہرہ بھی کرکے دکھایا۔

کاروباری حلقے تاجر دوست فیصلوں کی راہ دیکھ رہے ہیں، عابد علی

بحران زدہ معاشی حالات سے اسوقت ملک میں صنعت وتجارت کے امور شدید دشوار ہوچکے

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے کہا ہے ملک کے کاروباری حلقے حکومت کے تاجر دوست فیصلوں کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ بحران زدہ ملکی معاشی حالات سے اس وقت ملک میں صنعت وتجارت کے امور شدید دشوار ہوچکے ہیں۔ ملکی معیشت (بقیہ نمبر 3 5)

حکومت قومی کھیل ہاکی کی بحالی کیلئے بھرپور اقدامات کررہی ہے، کرن عمران ڈار

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ حکومت قومی کھیل ہاکی کی بحالی کیلئے بھرپور اقدامات کررہی ہے، وزیراعظم نے تمام کھلاڑیوں کو اداروں میں روزگار فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے، ہر کھلاڑی کو روزگار کا تحفظ حاصل ہوگیا جو سپورٹس فیڈریشنز کھلاڑیوں کی سپورٹ نہیں کررہیں اس کی تحقیقات کرائی جائیں گی۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران پارلیمانی سیکرٹری آئی پی سی کرن عمران ڈار نے آسیہ ناز تنولی کے سوال کے جواب میں کہا کہ ہماری ہاکی ٹیم نے گزشتہ دنوں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس پر وزیراعظم نے کھلاڑیوں کو بلا کر 10، 10 لاکھ روپے دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی۔

نئے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری آج ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) نئے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری آج (ہفتہ کو) ایوان صدر میں ہوگی، صدر مملکت آصف علی زرداری آج 11 بجے نئے چیف جسٹس سے حلف لیں گے۔ تقریب حلف برداری میں اعلیٰ عدلیہ کے سینئر ججز، پارلیمنٹیرینز اور سرکاری حکام شرکت کریں گے۔ ایوان صدر سیکرٹریٹ نے مہمانوں کو دعوت نامے جاری کر دیے۔ نئے چیف جسٹس یحییٰ (بقیہ نمبر 3 7)

لاہور، پولیس نے تین ماہ کے بچہ کو بازیاب کر کے ملزمہ کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اغوا کے مقدمہ میں مطلوب 3 ماہ کا بچہ عمار بازیاب کر کے ملزمہ کو گرفتار کرلیا۔ ملزمہ نے دم کروانے کے بہانے بچے کی ماں کو ورغلا کر فیصل آباد سے بچے کو اغوا کیا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ماں کے ہمراہ جانے والی خاتون فیصل آباد سے بچہ لیکر رفو چکر ہوگئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شاہدرہ پولیس کی جانب سے تحقیقات نے سارا پلان چوپٹ کردیا۔ ملزمہ ثنا کے خلاف فیصل آباد میں اغوا (بقیہ نمبر 3 8)

مردان، پولیس کا 2 خواجہ سراؤں کے قاتلوں کو گرفتار کرنے کا دعویٰ

مردان (آئی این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع مردان میں پولیس نے 2 خواجہ سراؤں کے مشتبہ قاتلوں کو گرفتار کرنے کا دعویٰ کر دیا۔ تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس افسر ظہور آفریدی نے صحافیوں کو بتایا کہ دہرے قتل کیس کے شبے میں 3 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ واقعے کے بعد فوری طور پر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) تفتیش نثار خان کی سربراہی میں مجرموں کو پکڑنے کے لیے ٹیم ت